احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

جمعہ 31/اکتوبر 2008ء

روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 31/اکتوبر 2008ء یکم ذیقعد 1429 ہجری 31/اخاء 1387 ھش جلد 58-93 نمبر 249

ٹھنڈے وقت میں

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا۔

جب گرمی شدت کی ہو تو نماز (ظہر) ٹھنڈے وقت پڑھ لیا کرو۔ کیونکہ گرمی کی شدت بھی جہنم کی ایک لپٹ ہے۔

(صحیح بخاری کتاب مواقیت الصلوٰۃ باب الابراد بالظہر حدیث نمبر :502)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

نمازوں کو باقاعدہ التزام سے پڑھو

نمازوں کو باقاعدہ التزام سے پڑھو۔ بعض لوگ صرف ایک ہی وقت کی نماز پڑھ لیتے ہیں۔ وہ یاد رکھیں کہ نمازیں معاف نہیں ہوتیں۔ یہاں تک کہ پیغمبروں تک کو معاف نہیں ہوئیں۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک نئی جماعت آئی۔ انہوں نے نماز کی معافی چاہی۔ آپؐ نے فرمایا کہ جس مذہب میں عمل نہیں وہ مذہب کچھ نہیں، اس لئے اس بات کو خوب یاد رکھو اور اللہ تعالیٰ کے احکام کے مطابق اپنے عمل کرو۔ (ملفوظات جلد اول ص 172)

نماز کی اصلی غرض اور مغز دعا ہے

نماز کی اصلی غرض اور مغز دعا ہی ہے اور دعا مانگنا اللہ تعالیٰ کے قانون قدرت کے عین مطابق ہے۔ مثلاً ہم عام طور پر دیکھتے ہیں کہ جب بچہ روتا دھوتا ہے اور اضطراب ظاہر کرتا ہے، تو ماں کس قدر بے قرار ہو کر اس کو دودھ دیتی ہے۔ اُلوہیت اور عبودیت میں اسی قسم کا ایک تعلق ہے، جس کو ہر شخص سمجھ نہیں سکتا۔ جب انسان اللہ تعالیٰ کے دروازہ پر گر پڑتا ہے اور نہایت عاجزی اور خشوع وخضوع کے ساتھ اس کے حضور اپنے حالات کو پیش کرتا ہے اور اس سے اپنی حاجات کو مانگتا ہے، تو اُلوہیت کا کرم جوش میں آتا ہے اور ایسے شخص پر رحم کیا جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کا دودھ بھی ایک گریہ کو چاہتا ہے، اس لئے اس کے حضور رونے والی آنکھ پیش کرنی چاہئے۔ بعض لوگوں کا یہ خیال کہ اللہ تعالیٰ کے حضور رونے دھونے سے کچھ نہیں ملتا۔ بالکل غلط اور باطل ہے۔ ایسے لوگ اللہ تعالیٰ کی ہستی اور اس کے صفات قدرت وتصرف پر ایمان نہیں رکھتے۔ اگر ان میں حقیقی ایمان ہوتا، تو وہ ایسا کہنے کی جرأت نہ کرتے۔ جب کبھی کوئی شخص اللہ تعالیٰ کے حضور آیا ہے اور اس نے سچی توبہ کے ساتھ رجوع کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیشہ اس پر اپنا فضل کیا ہے۔ (ملفوظات جلد اول ص 234)

نماز میں تسبیح وتقدیس کرتے ہوئے یہی حالت ظاہر ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ترغیب دی ہے کہ طبعاً جوش کے ساتھ اپنے کاموں سے اور اپنی کوششوں سے دکھا دے کہ اس کی عظمت کے برخلاف کوئی شے مجھ پر غالب نہیں آ سکتی۔ یہ بڑی عبادت ہے۔ جو لوگ اس کی مرضی کے مطابق جوش رکھتے ہیں، وہی مؤید کہلاتے ہیں اور وہی برکتیں پاتے ہیں۔ جو لوگ خدا تعالیٰ کی عظمت اور جلال اور تقدیس کے لئے جوش نہیں رکھتے۔ ان کی نمازیں جھوٹی ہیں اور ان کے سجدے بے کار ہیں۔ جب تک خدا تعالیٰ کے لئے جوش نہ ہو۔ یہ سجدے صرف منتر جنتر ٹھہریں گے۔ جن کے ذریعہ سے یہ بہشت کو لینا چاہتا ہے۔ یاد رکھو کوئی جسمانی بات جس کے ساتھ کیفیت نہ ہو، فائدہ مند نہیں ہو سکتی۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کو قربانی کے گوشت نہیں پہنچتے۔ ایسا ہی تمہارے رکوع اور سجود بھی نہیں پہنچتے، جب تک ان کے ساتھ کیفیت نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ کیفیت کو چاہتا ہے اور ان لوگوں سے محبت کرتا ہے جو اس کی عزت اور عظمت کے لئے جوش رکھتے ہیں۔ جو لوگ ایسا کرتے ہیں وہ ایک باریک راہ سے گزرتے ہیں اور کوئی دوسرا شخص ان کے ساتھ نہیں جا سکتا۔ جب تک کیفیت نہ ہو انسان ترقی نہیں کر سکتا۔ گویا خدا تعالیٰ نے قسم کھائی ہے کہ جب تک اس کے لئے جوش نہ ہو کوئی لذت نہیں دے گا۔ (ملفوظات جلد اول ص 262)

فروغ علم، ہماری قومی ذمہ داری

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ عیدالفطر فرمودہ 13/اکتوبر 2007ء میں فرمایا کہ:۔ اگر طلباء اور ان کے والدین بچوں کے امتحان میں پاس ہونے پر کچھ شکرانے کے طور پر اس مد (طلباء کی امداد) میں دیں تو کئی غریب ضرورت مندوں کا بھلا ہو سکتا ہے...... یہ احساس بچوں کے اندر پیدا کرنا چاہئے کہ غریبوں کی ضرورتیں پوری کریں۔

(خلفاء احمدیت کی تحریکات صفحہ 517)

احمدی طلباء کی امداد کے لئے نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ میں شعبہ ''امداد طلبہ'' قائم ہے اس شعبہ کے تحت سینکڑوں طلباء کی ٹیوشن فیس، یونیفارم، درسی کتب، کاپیاں کمپیوٹر فیس اور مقابلہ جات کی اشاعت میں حسب گنجائش مالی معاونت کی جاتی ہے۔ پاکستان میں فی طالب علم اوسطاً سالانہ اخراجات کی شرح اس طرح سے ہے۔

حکومتی ادارہ جات

پرائمری/سیکنڈری:۔ 15 صد تا 2 ہزار روپے

کالج لیول:۔ تین ہزار تا 7 ہزار روپے

ایم ایس سی و پیشہ ورادارہ جات:۔

30 ہزار تا 50 ہزار روپے

پرائیویٹ ادارہ جات

پرائمری/سیکنڈری: 6 ہزار تا 8 ہزار روپے

کالج لیول: 12 ہزار تا 20 ہزار روپے

ایم ایس سی و پیشہ ورادارہ جات:۔

1 لاکھ تا 3 لاکھ روپے

شعبہ امداد طلبہ کی مساعی

1۔ گزشتہ پانچ سالوں میں 3 ہزار 134 ذہین طلبہ کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے کی توفیق ملی۔ 2۔ داخلہ جات کی تعداد جو یکمشت ادا کی جاتی رہی ہیں وہ 656 سالانہ ہے۔ 3۔ یونیفارم، کتب اور بیگ وغیرہ جو لے کر دیئے گئے، ان کی تعداد 825 سالانہ ہے۔

آپ اس کار خیر میں حصہ لینے کیلئے اپنے عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد امداد طلبہ میں بھجوا سکتے ہیں۔

فون: 047-6212473

Cell:0332-7079462,0321-7707403

Email:ntaleem@gmail.com

(نظارت تعلیم)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 505

دارالسلطنت دہلی مشہور

عالم خاندان سادات

حضرت مسیح موعود کو 1881ء کے قریب جبکہ حضور کی عمر مبارک کم وبیش چھیالیس برس تھی۔ الہاماً بشارت دی گئی کہ عنقریب آپ کی دامادی کا تعلق دہلی کے ایک مشہور سید خاندان سے ہوگا۔ چنانچہ عین اسی کے مطابق حضرت سید میر ناصر نواب صاحب دہلوی کی دختر نیک اختر حضرت نصرت جہاں حضرت اقدس کے عقد میں آئیں۔ اس مشہور عالم خاندان سادات کا تذکرہ حضرت مسیح موعود کے قلم مبارک سے سنئے فرماتے ہیں۔

''یہ خاندان خواجہ میر درد کی لڑکی کی اولاد میں سے ہے جو مشاہیر اکابر سادات دہلی میں سے ہے جن کو سلطنت چغتائی کی طرف سے بہت سے دیہات بطور جاگیر عطا ہوئے تھے۔ .... اسی عظمت اور شہرت اور بزرگی خاندان سیادت کی وجہ سے بعض نوابوں نے ان کو لڑکیاں دیں جیسا کہ ریاست لوہارو کا خاندان غرض یہ خاندان .... ایسی عظمت کی نگہ سے دہلی میں دیکھا جاتا تھا کہ **گویا دہلی سے مراد انہی عزیزوں کا وجود تھا**''۔

(تریاق القلوب۔ روحانی خزائن جلد 15 صفحہ 273)

موعود نکاح کی حقیقت

افروز کوائف

حضرت نانا جان میر ناصر نواب صاحب (1844ء۔1924ء) کے قلم مبارک سے:۔

مرزا صاحب سے بذریعہ ان کے بڑے بھائی مرزا غلام قادر صاحب کے جو میرے ماموں صاحب کے واقف تھے۔ ملاقات ہوئی۔ یہ وہ زمانہ تھا۔ جبکہ حضرت مرزا صاحب براہین احمدیہ لکھ رہے تھے۔ ہنوز وفات مسیح ناصری کا تذکرہ بالکل نہ تھا۔ اور وہ بزعم دنیا آسمان ہی پر تشریف رکھتے تھے۔ چند ماہ کے بعد اس عاجز کی بدلی قادیان سے لاہور کے ضلع میں ہوگئی۔ اس وقت چند روز کے لئے بندہ اپنے اہل وعیال کو حضرت مرزا صاحب کے مشورہ سے ان کے دولت خانہ چھوڑ گیا تھا اور جب وہاں مکان کا بندوبست ہو گیا۔ تو آ کر لے گیا۔ میں نے اپنے گھر والوں سے سنا کہ جب تک میرے گھر کے لوگ مرزا صاحب کے گھر میں رہے۔ مرزا صاحب کبھی گھر میں داخل نہیں ہوئے بلکہ باہر کے مکان میں رہے۔ اس قدر ان کو میری عزت کا خیال تھا۔ وہ بھی عجب وقت تھا۔ حضرت صاحب گوشہ نشین تھے۔ عبادت اور تصنیف میں مشغول رہتے تھے۔

.... چند سال کے بعد مجھے خبر ملی کہ براہین احمدیہ مرزا صاحب نے چھپوا کر شائع فرما دی ہے۔ بندہ نے بھی ایک نسخہ خریدا۔ پھر عاجز نے چند امور کے لئے حضرت مرزا صاحب سے دعا منگوانے کے لئے خط لکھا جن میں سے ایک امر یہ بھی تھا۔ کہ دعا کرو مجھے خداتعالیٰ نیک اور صالح داماد عطاء فرماوے۔ اس کے جواب میں مجھے حضرت مرزا صاحب نے تحریر فرمایا۔ کہ میرا تعلق میری بیوی سے گویا نہ ہونے کی برابر ہے۔ اور میں اور نکاح کرنا چاہتا ہوں۔ مجھے اللہ تعالیٰ نے الہام فرمایا ہے۔ کہ جیسا تمہارا عمدہ خاندان ہے۔ ایسا ہی تم کو سادات کے عالیشان خاندان میں سے زوجہ عطا کروں گا۔ اور اس نکاح میں برکت ہوگی اور اس کا سب سامان میں خود بہم پہنچاؤں گا تمہیں کچھ تکلیف نہ ہوگی۔ یہ آپ کے خط کا خلاصہ ہے۔ بلفظہ یاد نہیں اور یہ بھی لکھا کہ آپ مجھ پر نیک ظنی کرکے اپنی لڑکی کا نکاح مجھ سے کر دیں اور تا تصفیہ اس امر کو مخفی رکھیں اور رد کرنے میں جلدی نہ کریں۔ مجھ کو یہ نہیں لکھا تھا کہ تمہارے ہاں یا دلی میں نکاح ہونے کا مجھے الہام ہوا ہے۔ لیکن بعض اپنے احباب کو اس سے بھی مطلع فرمایا۔ کہ دلی میں سادات کے خاندان میں میرا نکاح ہوگا۔ پہلے تو میں نے کچھ تامل کیا کیونکہ مرزا صاحب کی عمر زیادہ تھی۔ اور بیوی بچہ موجود تھے اور ہماری قوم کے بھی نہ تھے۔ مگر پھر حضرت مرزا صاحب کی نیکی اور نیک مزاجی پر نظر کر کے جس کا میں دل سے خواہاں تھا۔ میں نے اپنے دل میں مقرر کر لیا۔ کہ اسی نیک مرد سے میں اپنی دختر نیک اختر کا رشتہ کر دوں۔ نیز مجھے دلی کے لوگ اور وہاں کی عادات واطوار بالکل ناپسند تھے اور وہاں کے رسم ورواج سے سخت بیزار تھا۔ اس لئے ہمیشہ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرتا تھا۔ کہ میرا مربی ومحسن مجھے کوئی نیک اور صالح داماد عطا فرماوے۔ یہ دعا میں نے بار بار اللہ تعالیٰ کی جناب میں کی آخر قبول ہوئی .... انجام کار 1985ء میں میں نے حضرت مرزا صاحب کو چپکے سے بلا بھیجا اور خواجہ میر درد صاحب کی مسجد میں بین العصر والمغرب اپنی دختر نیک اختر کا حضرت صاحب سے گیارہ سو روپیہ مہر کے بدلے نکاح کر دیا۔ نکاح کا خطبہ مولوی نذیر حسین صاحب محدث دہلوی نے پڑھا۔ وہ ڈولی میں بیٹھ کر تشریف لائے تھے۔ کیونکہ ضعف اور بڑھاپے کے باعث چل پھر نہیں سکتے تھے۔ عین موقع پر میں نے اپنے اور اپنی بیوی کے رشتہ داروں کو بلایا۔ اس لئے وہ کچھ کر نہ سکے۔ بعض نے تو گالیاں بھی دیں۔ اور بعض دانت پیس کر رہ گئے۔ جانبین سے کوئی تکلف عمل میں نہیں آیا۔ رسم و رسوم کا نام تک نہ تھا۔ ہر ایک کام سیدھا سادہ ہوا۔ میں نے جہیز کو صندوق میں بند کر کے کنجی مرزا صاحب کو دے دی اور لڑکی کو چپ چپاتے رخصت کر دیا۔ برخلاف اس کے ہمارے کنبہ میں لاکھ لاکھ مہر بندھا کرتا ہے اور دنیا کی ساری رسمیں جو خلاف شرع ہیں۔ ادا کی جاتی ہیں۔ الحمدللہ علیٰ ذالک کہ مروجہ بد رسوم میں سے ہمارے ہاں کوئی بھی نہیں ہوئی۔''

(''حیات ناصر'' صفحہ 6 تا 8 مؤلف حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی بار اول دسمبر 1927ء ناشر ابوالخیر شیخ محمود احمد ناظم انوار احمدیہ بک ڈپو قادیان دارالامان)

قدؔرت سے اپنی ذات کا دیتا ہے حق ثبوت
اس بے نشاں کی چہرہ نمائی یہی تو ہے
جس بات کو کہے کہ کروں گا یہ میں ضرور
ٹلتی نہیں وہ بات خدائی یہی تو ہے

غزل

پل پل کیسے گزرا کیسے گزرے ماہ و سال
دل میں نہیں طاقت کہ سنائے ان لمحوں کا حال

دھڑک کر زور لگائے ہو نہ کبھی آزاد
دل کے گرد بُنا ہے کس نے غم کا پکا جال

سانجھ سویرے آس کا پنچھی اپنے پر پھیلائے
دور ہی ہوتا جائے ہر دم چاند کا اجلا تھال

دل نے آنسو دفن کئے دل میں۔ اور روئی آنکھ
دل کو دیا طعنہ آنکھوں نے کیا روئے کنگال

وہ آئیں تو دن نکلے دل ہنسنا سیکھے پھر سے
اب تو لپٹ رہے ہیں دل سے رات کے کالے بال

دل نے مجھے سمجھایا ہے خود اپنے درد سنبھال
مجھ میں نہیں طاقت کہ رکھوں ہر دم تیرا خیال

عظمتؔ جانے ہے کہ ان تک پہنچ نہ پائے پھر بھی
بلک بلک کر روز ہی روئے ہو جائے بے حال

ڈاکٹر فہمیدہ منیر عظمت

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ ہالینڈ (4)

ایمسٹرڈیم میں نئے قطعہ زمین کا معائنہ، واقفین و واقفات نو کو ہدایات ۔ میڈیا کوریج

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

13 / اکتوبر 2008ء

صبح چھ بجکر پینتالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت النور نن سپیٹ میں تشریف لاکر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جماعت کے مرکزی دفاتر ربوہ، لندن اور مختلف ممالک سے موصول ہونے والی ڈاک ملاحظہ فرمائی اور ہدایات سے نوازا اور حضور انور کی دیگر مختلف دفتری امور میں مصروفیت رہی۔

نئے قطعہ زمین کا معائنہ

ایمسٹرڈیم (Amsterdam) میں جماعت ہالینڈ نے اپنے سنٹر کے لئے اس سال اپریل 2008ء میں ایک قطعہ زمین جس پر بعض عمارات تعمیر شدہ ہیں خریدا ہے۔ پروگرام کے مطابق آج حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس قطعہ زمین کا معائنہ فرمانا تھا۔

دو بجکر پچپن منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور ایمسٹرڈیم کے لئے روانگی ہوئی۔ نن سپیٹ سے ایمسٹرڈم کا فاصلہ 95 کلومیٹر ہے۔ قریباً 70 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرنے کے بعد راستہ میں Almere شہر میں رک کر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس قطعہ زمین کا معائنہ فرمایا جو جماعت احمدیہ Almere اپنی بیت کی تعمیر کے لئے خریدنا چاہتی ہے۔

جب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس جگہ پہنچے تو صدر جماعت Almere نے حضور انور کو خوش آمدید کہا اور شرف مصافحہ حاصل کیا۔

اس پلاٹ کا رقبہ 500 مربع میٹر ہے اور Almere شہر کی کونسل نے یہاں بیت کی تعمیر کی اجازت بھی دی ہوئی ہے۔

Almere شہر صوبہ Flevoland میں واقع ہے اس شہر کو 1971ء میں سمندر کے ایک حصہ کو خشک کر کے آباد کیا گیا ہے۔ 37 سال قبل یہاں صرف سمندر تھا اور آج ایک خوبصورت شہر آباد ہے۔ یہ شہر قریباً ایک لاکھ 84 ہزار نفوس کو سموئے ہوئے ہے۔

یہاں Lelystad کے علاقہ میں سال 2007ء میں جماعت کا قیام عمل میں آیا۔ اس مختصر عرصہ میں یہاں مقیم احمدی فیملیز کو بہت سی نشستیں منعقد کرنے اور مختلف لائبریریوں میں قرآن کریم کی نمائش اور بک سٹال لگانے کی توفیق ملی اور گزشتہ سال یہاں آٹھ بیعتیں بھی ہوئیں اور اب یہاں کی جماعت بیت کی تعمیر کا پروگرام بنا رہی ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس قطعہ زمین کا معائنہ فرماتے ہوئے دریافت فرمایا کہ کیا یہاں بیت کی تعمیر کی اجازت مل جائے گی۔ جس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کو بتایا گیا کہ کونسل پہلے ہی اس علاقہ میں بیت کی تعمیر کی اجازت دے چکی ہے۔ حضور انور کی خدمت میں Almere شہر اور اس علاقہ کے نقشہ جات پیش کر کے اس قطعہ کی معین طور پر نشاندہی کی گئی۔ بعد از معائنہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے امیر صاحب ہالینڈ کو مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا کہ جو بھی اخراجات ہیں، اپنا بوجھ خود اٹھائیں، مرکز پر نظر نہ رکھیں۔ جو بھی خرچ ہے اپنے ریسورسز سے پورا کریں۔ 100 نمازیوں کے لئے بیت ہو۔ بعد میں حسب ضرورت توسیع ہو سکے۔ اس جگہ کے معائنے کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ایمسٹرڈیم کے لئے روانہ ہوئے یہاں سے ایمسٹرڈیم کا فاصلہ 25 کلومیٹر ہے۔

سوا چار بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی بیت المحمود ایمسٹرڈیم تشریف آوری ہوئی۔ جہاں احباب جماعت ایمسٹرڈیم مرد و خواتین اور بچوں، بوڑھوں نے اپنے پیارے آقا کا استقبال کیا۔ بچیاں اپنے اس نئے مرکز میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی پہلی بار آمد پر استقبالیہ گیت پیش کر رہی تھیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا اور اس قطعہ زمین پر موجود رہائشی عمارت میں تشریف لے گئے۔

اس قطعہ زمین کا مجموعی رقبہ 10 ہزار مربع میٹر ہے اور یہ 9 لاکھ 80 ہزار یورو میں خریدا گیا ہے۔ یہ قطعہ زمین ایمسٹرڈیم شہر کے کنارے ایمسٹرڈیم سے Volendam شہر کی طرف جانے والی مین روڈ Ring-10 پر واقع ہے۔ اس قطعہ زمین میں تین بیڈ روم اور ایک وسیع ڈرائنگ روم اور کچن اور باتھ روم کی سہولت پر مشتمل مکان بنا ہوا ہے۔ جس کا ایک علیحدہ خوبصورت لان ہے۔ اس رہائشی عمارت سے ملحقہ ایک ہال ہے جس کے ایک حصہ کو مردوں کے لئے نماز پڑھنے کے لئے تیار کیا ہے۔ جبکہ ایک حصہ کو بطور کچن استعمال میں لایا گیا ہے۔ کچھ فاصلہ پر ایک اور ہال بنا ہوا ہے جو خواتین کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ مین گیٹ سے اندر آتے ہوئے بائیں طرف ایک چھوٹا ہال ہے جو بطور دفتر اور ریسپشن استعمال کیا جائے گا۔

اس قطعہ زمین کے چاروں اطراف اونچے اونچے درخت ہیں۔ جن کی وجہ سے ایک قدرتی چار دیواری بنی ہوئی ہے اور ان درختوں کے باہر تین اطراف میں ایک نہر ہے جس کے اندر یہ قطعہ زمین گھرا ہوا ہے جبکہ ایک طرف سڑک ہے۔ یہاں سیب، ناشپاتی اور اخروٹ کے بہت سے درخت موجود ہیں۔

ساڑھے چار بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مردانہ ہال میں تشریف لاکر نماز ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے یہاں کے مربی سلسلہ حامد کریم محمود صاحب سے دریافت فرمایا کہ یہاں سے قریب ترین احمدی کتنے فاصلہ پر رہتے ہیں۔ مربی سلسلہ نے بتایا کہ چار پانچ فیملیز دو سے تین کلومیٹر کے فاصلہ پر ہیں۔ دو سو پچاس افراد کی جماعت ہے جو لوگ زیادہ سے زیادہ دور ہیں وہ بیس اکیس کلومیٹر کے فاصلہ پر ہیں۔ یہاں پانچوں نمازیں ادا کی جاتی ہیں۔ رمضان المبارک میں نماز تراویح کا باقاعدہ اہتمام کیا گیا۔ مغرب پر حاضری بہتر ہوتی ہے۔ نماز جمعہ پر سب ہی آتے ہیں۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ نے اس قطعہ زمین کا معائنہ فرمایا اور لجنہ کے ہال اور عمارات کے دیگر حصوں میں بھی تشریف لے گئے اور امیر صاحب ہالینڈ سے اس جگہ سے متعلق مختلف امور دریافت فرمائے۔

حضور انور نے شہتوت کا پودا لگایا اور فرمایا یہاں گرین ہاؤس بھی بنائیں۔ حضور انور کو بتایا گیا کہ یہاں نرسری بنانے کا پروگرام ہے۔

بورکینا فاسو کے ایک احمدی سے ملاقات

بورکینا فاسو سے آئے ہوئے ایک احمدی دوست بھی اس موقع پر موجود تھے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ان سے دریافت فرمایا۔ یہاں کس طرح آئے، کیا کر رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ دس سال قبل بورکینا فاسو میں احمدی ہوا تھا۔ بچے احمدی ہیں لیکن بیوی احمدی نہیں ہے۔ آرٹسٹ ہوں۔ جس سال حضور انور بورکینا فاسو گئے۔ میں اسی سال ہالینڈ آیا تھا۔ وہاں بورکینا فاسو میں حضور سے ملاقات نہ ہو سکی۔ آج اللہ تعالیٰ نے یہاں ملاقات کے سامان کر دیئے ہیں۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بچوں اور بچیوں کو چاکلیٹ عطا فرمائے۔ جماعت ایمسٹرڈیم نے چائے اور ریفریشمنٹ کا انتظام کیا ہوا تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کچھ دیر کے لئے عمارت کے رہائشی حصہ میں تشریف لے گئے اور چائے نوش فرمائی۔

گروپ فوٹوز

پانچ بجکر دس منٹ پر حضور انور رہائشی حصہ سے باہر تشریف لائے اور مجلس عاملہ ایمسٹرڈیم اور اس نئی جگہ پر وقار عمل کرنے والے احباب نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔

نن سپیٹ کے لئے روانگی

سوا پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دعا کروائی اور یہاں سے واپس نن سپیٹ کے لئے روانگی ہوئی۔ واپسی کے لئے جو راستہ اختیار کیا گیا اس میں 35 کلومیٹر کی سڑک ایسی تھی جو سمندر کے درمیان میں بنائی گئی ہے۔ دونوں طرف تا حد نگاہ سمندر ہے اور درمیان میں دو رویہ سڑک تعمیر کی گئی ہے۔ پل نہیں بنایا گیا ہے بلکہ سمندر کی سطح سے بھرتی، پتھر وغیرہ ڈال کر اور سطح سمندر کے اوپر لا کر باقاعدہ یہ سڑک تعمیر ہوئی ہے اور یہ دنیا کے عجائبات میں سے ایک عجوبہ ہے۔

ملاقاتیں

سات بجکر دس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نن سپیٹ (Nunspeet) پہنچے۔ ساڑھے سات بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لائے اور فیملیز ملاقاتیں شروع ہوئیں۔ آج ہالینڈ کی جماعتوں نن سپیٹ، ڈن بوس، اینڈ ہوفن، ایمسٹرڈیم Zoost، ایمسٹرڈیم ایٹیلفین، ایمسٹرڈیم سنٹرم، آرنہم، Lelystad سے آنے والی 44 فیملیز کے علاوہ دس افراد نے انفرادی طور پر ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ مجموعی طور پر دو صد کے قریب افراد نے شرف ملاقات پایا۔ ملاقاتوں کا یہ پروگرام ساڑھے نو بجے تک جاری رہا۔ نو بجکر چالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت النور میں تشریف لاکر نماز مغرب و عشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

14 / اکتوبر 2008ء

صبح چھ بجکر پینتالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت النور میں تشریف لاکر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دفتری ڈاک ملاحظہ فرمائی اور دفتری امور سرانجام دیئے۔

دو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت النور میں تشریف لا کر نماز ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی جائے قیام پر تشریف لے گئے۔

بعداز سہ پہر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے۔

آج پروگرام کے مطابق واقفات نو اور واقفین نو بچوں کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ کلاسوں کا پروگرام تھا۔

واقفات نو کی کلاس

چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت النور تشریف لائے جہاں واقفات نو بچیوں کی حضور انور کے ساتھ کلاس شروع ہوئی۔

پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا عزیزہ شمائلہ مدحت نے تلاوت قرآن کریم پیش کی اور بعدازاں اس کا ڈچ ترجمہ پیش کیا۔ عزیزہ حامدہ طاہر نے اس کا اردو ترجمہ پیش کیا۔

اس کے بعد عزیزہ عطیہ ناصر اور فریدہ صبا بھٹی دونوں نے مل کر نعت

عليك الصلوٰة عليك السلام

پیش کی اور اس کا ڈچ ترجمہ پیش کیا اور عزیزہ ثوبیہ لغاری نے خلافت کے موضوع پر ایک نظم

مسیحا کی آمد نے باندھا سماں
روشن ہوا اس سے سارا جہاں
کلی ہے خلافت کی اس کی کھلی
جس نے چاہا اسے خوشبو اس کی ملی

پیش کی۔ یہ نظم امیر صاحب ہالینڈ کی اہلیہ سفینہ فرحانن صاحبہ نے لکھی تھی۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بچیوں سے دریافت فرمایا کہ 15 سال سے بڑی کون ہیں۔ جو پندرہ سال سے اوپر ہیں کیا انہوں نے اپنا وقف جاری رکھنے کا فارم پُر کر دیا ہے۔ سب بچیوں نے ہاں میں جواب دیا۔ اس کلاس میں آٹھ سال سے بڑی عمر کی بچیوں نے حصہ لیا۔

حضور انور نے بچیوں کو مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا کہ تم عام بچیوں کی طرح نہیں ہو تمہارا لباس اچھا ہونا چاہئے، کوٹ پہننا ہے اور جینز نہیں پہننی۔ اگر پہننی ہے تو پھر اوپر لمبی قمیص پہنیں۔ دوسروں سے الگ نظر آئیں۔ سر اچھی طرح ڈھکا ہونا چاہئے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بڑی بچیوں سے دریافت فرمایا کہ وہ کیا پڑھ رہی ہیں۔ ایک بچی نے بتایا کہ Mouth Hygine کا کورس اگلے سال شروع کرے گی۔ ایک بچی نے بتایا کہ اس کا ہائی سکول کا آخری سال ہے۔

ایک چھوٹی بچی نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں خط پیش کیا اور کہا کہ میں پڑھ نہیں سکتی۔ حضور پڑھ کر سنائیں۔ حضور انور نے فرمایا یہ تو ڈچ لکھی ہوئی ہے میں تو نہیں پڑھ سکتا۔ پھر اس بچی نے ایک پہیلی بوجھنے کا کہا۔ حضور انور نے ازراہ شفقت فرمایا کہ خود ہی جواب دے دو۔

اس کلاس کے آخر پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے تمام بچیوں کو تحائف عطا فرمائے۔ چھ بجکر بیس منٹ پر یہ کلاس اپنے اختتام کو پہنچی۔

واقفین نو کی کلاس

اس کے بعد چھ بجکر پچیس منٹ پر واقفین نو بچوں کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ کلاس شروع ہوئی۔ پروگرام کا آغاز عزیزم توصیف احمد کی تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ پھر خود ہی اس کا ڈچ ترجمہ پیش کیا۔ عزیزم نور احمد رضا نے اس کا اردو ترجمہ پیش کیا۔ اس کے بعد حضرت مصلح موعود کا منظوم کلام

ہو فضل تیرا یا رب یا کوئی ابتلاء ہو
راضی ہیں ہم اسی میں جس میں تری رضا ہو

عزیزم عمر احمد مظہر نے خوش الحانی سے پڑھ کر سنایا۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ 15 سال اور اس سے اوپر کے بچے کون کون سے ہیں اور کالج یا یونیورسٹی میں جانے والے کون ہیں؟ ایک بچے نے بتایا کہ یونیورسٹی میں ہوں اور کمپیوٹر سائنس کر رہا ہوں۔ ایک طالبعلم نے بتایا کہ یونیورسٹی میں ہوں اور مکینیکل انجینئرنگ کر رہا ہوں۔ حضور انور نے اسے فرمایا کہ سول انجینئرنگ کیوں نہیں کرتے۔ موصوف نے کہا کہ میں اس بارہ میں سوچ رہا تھا۔ حضور انور نے فرمایا اگر دلچسپی ہے تو سول انجینئرنگ کرلو۔ حضور انور نے فرمایا جو بھی یونیورسٹی جا رہے ہیں اور ان کے پاس دو تین چائس ہیں تو وہ پوچھ لیا کریں اور راہنمائی لے لیا کریں۔ جو میڈیسن کر رہے ہیں اور جب وہ فائنل ایئر میں پہنچیں اور سپیشلائزیشن کرنے کے لئے کسی فیلڈ کا انتخاب کرنا ہے تو اس وقت پوچھ لیا کریں کہ کس فیلڈ میں سپیشلائزیشن کروں۔ ایک بچے نے بتایا کہ ابھی کالج جانا ہے اور اس کے بعد میڈیسن پڑھنی ہے۔ ایک نے بتایا کہ Law پڑھنا ہے۔ ایک بچے نے عرض کی ٹیکنیکل کالج کے آخری سال میں ہوں۔ ایک بچے نے بتایا کہ میڈیکل سائنس پڑھ رہا ہوں۔

حضور انور نے دریافت فرمایا جو بچے 15 سال یا اس سے اوپر کے ہیں کیا انہوں نے اپنا وقف فارم پُر کر دیا ہے کہ اپنا وقف جاری رکھنا ہے۔ حضور انور نے فرمایا نمازیں باقاعدہ پڑھتے ہو، پانچوں نمازیں پڑھا کرو، قرآن کریم کی تلاوت روزانہ کیا کرو، جو بچے بڑے ہو گئے ہیں وہ تلاوت کے ساتھ ساتھ ترجمہ پڑھنا شروع کر دیں۔

حضور انور نے بچوں سے مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا کہ سکول کالج جاتے ہو اور پھر گھر آجاتے ہو باہر ادھر ادھر زیادہ پھرتے تو نہیں۔ تو اس پر بچوں نے عرض کیا کہ گھر آجاتے ہیں۔ فرمایا ٹھیک ہے گھر رہتے ہو۔

اس کلاس کے اختتام پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بچوں میں تحائف تقسیم کئے۔ چھ بجکر پینتالیس منٹ پر یہ کلاس اپنے اختتام کو پہنچی۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

سوا سات بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت النور تشریف لا کر نماز مغرب و عشاء جمع کر کے پڑھائیں۔

باربی کیو

آج شام کو مقامی انتظامیہ نے شام کے کھانے کے لئے باربی کیو (BBQ) کا انتظام کیا تھا۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس پروگرام میں شرکت فرمائی۔ خواتین کے لئے علیحدہ انتظام کیا گیا تھا جہاں حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا نے شرکت فرمائی۔

کھانے کے دوران ایک بچہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے پاس اپنی پلیٹ لے کر آیا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت اس کی پلیٹ میں چند کباب اور تکے ڈال کر اس کو دیئے اور اس نے واپس آکر بخوشی یہ تبرک اپنے ساتھیوں میں تقسیم کیا۔

اس پروگرام کے آخر پر جلسہ سالانہ ہالینڈ کے ناظمین، نائب ناظمین، جملہ کارکنان، نیشنل مجلس عاملہ کے ممبران، نیشنل مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ، ضیافت ٹیم اور سیکیورٹی ٹیم نے باری باری گروپس کی صورت میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ تصاویر بنوائیں۔ آخر پر ان احباب کی تصویر ہوئی جو کسی بھی تصویر میں شامل نہیں ہو سکے تھے۔

تصاویر کے اس پروگرام کے بعد پونے نو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی جائے رہائش پر تشریف لے گئے۔

میڈیا کوریج

اخبار Nunspeter Post نے اپنی ہفتہ وار اشاعت میں جماعت احمدیہ ہالینڈ کے اس جلسہ سالانہ کی پورے صفحہ پر کوریج دی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی جلسہ سالانہ پر اختتامی خطاب فرماتے ہوئے، ایک بڑی تصویر شائع کی۔ اس کے علاوہ جلسہ کے سامعین اور طلباء کو ایوارڈ دیئے جانے کی تقریب کی تصاویر بھی شائع کیں۔ علاوہ ازیں نن سپیٹ مشن ہاؤس کے دو مختلف مناظر شائع کئے۔

اس اخبار نے ان تصاویر کی اشاعت کے ساتھ ''نن سپیٹ میں مذاہب''۔ ''خلیفہ کا دورہ جماعت احمدیہ'' کے عنوان کے تحت لکھا کہ

گزشتہ اختتام ہفتہ مشن ہاؤس میں سالانہ جلسہ منعقد ہوا۔ یہ جلسہ خلافت جماعت احمدیہ کے قیام کی صد سالہ تقریبات کا حصہ تھا۔ اس جلسہ میں ایک نہایت خاص اور قابل احترام شخصیت شامل تھی جو کہ پانچویں خلیفہ حضرت مرزا مسرور احمد ہیں۔ مشن ہاؤس کے اردگرد جشن کا سماں تھا۔ جماعت کے افراد دور و نزدیک سے یہاں جمع ہوئے تھے۔ ایک بڑی تعداد میں نوجوانوں کو ان کی خصوصی تعلیمی کارکردگی کی بناء پر اعزازات سے بھی نوازا گیا۔ محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں کا عنوان دیتے ہوئے لکھا۔

احمدیہ...... جماعت ہالینڈ کا نیشنل مرکز بیت النور روشنی کا گھر ہے۔ 1985ء سے Groene Laantje 20 نن سپیٹ میں قائم ہے۔...... ساری دنیا میں اس کے تقریباً دوصد ملین ارکان ہیں جو کہ 191 ممالک میں پھیلے ہوئے ہیں۔ یہ ایک جانا پہچانا ماضی رکھنے والی، پھلتی پھولتی جماعت ہے۔ اخبار نے لکھا حضرت مرزا غلام احمد نے انڈیا میں اس جماعت کی بنیاد رکھی۔ آپ نے 1891ء میں خدا تعالیٰ سے الہام پا کر دعویٰ کیا کہ آپ ہی موعود مہدی و مسیح ہیں......۔

آپ نے کوئی نیا دین متعارف نہیں کروایا بلکہ آپ کا مشن ...... کو اس کی خالص حالت میں دوبارہ زندہ کرنا تھا جس کی بنیاد قرآنی تعلیمات پر ہے جو کہ کسی بھی سیاسی اغراض، بنیاد پرستی یا تشدد کی آمیزش سے پاک ہیں۔ آپ اس بات پر یقین رکھتے تھے کہ تمام ادیان بنیادی طور پر سچائی پر قائم ہوئے تھے......

آپ کی وفات کے بعد جماعت کی روحانی قیادت منتخب خلیفہ کے ہاتھوں میں آئی۔ حضرت مرزا مسرور احمد جماعت کے موجود راہنما ہیں۔ آپ 2003ء میں جماعت کے روحانی پیشوا بنے۔

اخبار نے مزید لکھا کہ ہالینڈ کی سب سے پہلی (بیت) 1955ء میں احمدیہ...... جماعت نے ڈین ہاگ (دی ہیگ) میں بنائی۔ اس بیت کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ جماعت کی خواتین ممبرات کے چندوں سے بنائی گئی تھی جو کہ انہوں نے اپنی جائیدادیں اور زیورات بیچ کر ادا کئے تھے۔ یہ ایک بہت عظیم الشان کارنامہ تھا کیونکہ اکثر خواتین کے پاس ملازمتیں بھی نہ تھیں۔

نن سپیٹ میں Groene Laantje 20 پر قائم روشنی کا گھر (بیت) نہیں بلکہ (دعوت الی اللہ) کا سنٹر ہے۔ ہالینڈ میں احمدیہ...... جماعت 16 مقامی جماعتوں پر مشتمل ہے۔

احمدیہ جماعت کے ارکان دوسرے مذاہب کے ماننے والوں کو بھی عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ ان کی تعلیم یہ ہے کہ دین میں کوئی جبر نہیں۔ جماعت احمدیہ کی بنیاد قرآن کی تعلیمات پر ہے۔ جس میں حال اور مستقبل کے تمام مسائل کا حل موجود ہے۔

جماعت نے قرآن کریم کے ستر زبانوں میں تراجم کئے ہیں۔ جس میں ڈچ اور Braille بھی شامل ہے۔ جماعت کے کاموں اور مقاصد کے بارہ میں مزید معلومات ویب سائٹ

www.ahmadiyya-islam.nl

سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

☆☆☆☆☆

مکرم رانا مبارک احمد صاحب

جلسہ سالانہ یو۔کے 2008ء کے تاثرات کی ایک جھلک

اللہ تعالیٰ کے فضل سے جلسہ سالانہ یو۔کے 2008ء جو کہ صد سالہ خلافت جوبلی کا جلسہ سالانہ بھی تھا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہت ہی کامیاب رہا۔ اس میں حاضری 40 ہزار کے قریب تھی۔

ہر سال جوق درجوق شمع خلافت کے پروانے ہزاروں میلوں کا سفر طے کر کے اپنے پیارے خلیفہ کے آستانہ پر حاضری دیتے ہیں۔ دن رات جہازوں، ٹرینوں، بسوں کے ذریعہ اور راستے بھر کی تکلیفوں کو راحت سمجھتے ہوئے اپنے آقا کے دیدار کے لئے پہنچ جاتے ہیں۔ اس عاجز بندہ کو بھی جلسہ سالانہ میں حاضری کی سعادت حاصل ہوئی کیونکہ حضرت مسیح موعود نے فرمایا تھا کہ اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں۔ اس کی بنیاد آپ نے 1891ء میں رکھی۔ جس میں صرف 75 افراد جماعت کی حاضری تھی۔ اللہ تعالیٰ نے بہت برکت ڈالی اور آج دنیا بھر کے ممالک میں احمدیت کے عظیم الشان روحانی جلسہ سالانہ ہورہے ہیں۔ ان جلسہ جات میں صدر مملکت وزیراعظم کئی وزیر کئی ممبرز آف پارلیمنٹ اور بادشاہ الغرض بڑے بڑے لیڈرز شامل ہو کر اللہ تعالیٰ کی برکات حاصل کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس سال یعنی 2008ء میں غانا، بینن، نائیجیریا، امریکہ، کینیڈا، یو۔کے اور جرمنی کے جلسوں میں پیارے آقا خود تشریف لے گئے ہر جلسہ میں ہزاروں کی حاضری تھی۔ جلسہ سالانہ کا جب خاکسار نے پروگرام بنایا تو اتنی زیادہ خوشی تھی کہ بیان سے باہر تھی۔ خاکسار مورخہ 10 جولائی 2008ء کو لندن پہنچا اور سیدھا عشاء کی نماز کے لئے بیت الفضل پہنچا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی امامت میں پہلی صف میں جگہ مل گئی اور حضور کی ایک جھلک دیکھنے سے سارے سفر کی تھکن دور ہوگئی۔ پھر روزانہ ہی معمول بن گیا۔ ایک آدھ گھنٹہ پہلے چلا جاتا اور حضور کے قریب میں جگہ مل جاتی۔ نماز کے بعد اسی دن ملاقات کے لئے درخواست دی۔ جو کہ ازراہ شفقت حضور اقدس نے منظور فرمائی اور ملاقات کے لئے 16 جولائی کی تاریخ ملی۔ مورخہ 12 جولائی 2008ء کو خاکسار کو عالمی خلافت جوبلی مشاعرہ میں بھی شامل ہونے کی سعادت حاصل ہوئی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے خلافت احمدیہ کو ایک صدی پوری ہوچکی ہے۔ جماعت احمدیہ اظہار تشکر کے طور پر دنیا کے مختلف ممالک میں مشاعرہ کی تقاریب منعقد کرتی ہے۔ چنانچہ ان تقریبات کو مزید بابرکت بنانے کے لئے سیرت النبیؐ کے اجلاسات کے علاوہ نعتیہ مشاعروں کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے اس کی یہ بھی کڑی تھی کہ بیت الفتوح کے نور ہال میں یہ مشاعرہ منعقد ہوا۔

مورخہ 16 جولائی 2008ء کا دن آ گیا جس کے لئے بے چینی سے انتظار تھا کہ کب حضور سے ملاقات ہوگی۔ ویسے تو روزانہ نمازوں میں حضور انور کا چہرہ مبارک دیکھنے کی سعادت حاصل ہوتی رہی۔ لیکن حضور سے ملاقات کی خوشی کی اور ہی بات تھی۔ حضور انور کے پاس جانے سے پہلے دل اتنی زور سے دھڑک رہا تھا۔ یوں لگ رہا تھا کہ خوشی کے مارے کہیں پھٹ ہی نہ جائے۔

السلام علیکم اور خیریت کے بعد حضور نے فرمایا کہ آپ تو رانا صاحب پانچ چھ دن سے آئے ہوئے ہیں عرض کیا کہ 10 جولائی کو آیا ہوں۔ مزید حضور نے فرمایا آپ کی یہ بات پسند آئی کہ آپ احباب جماعت سے فوت شدگان اور بیماروں کی دعا کے لئے اطلاع بھجواتے ہیں۔ اس طرح اتنی جلد کہیں سے خبر نہیں ملتی۔ مثلاً مکرم راجہ غالب احمد صاحب کی بیگم وفات پاگئیں ہیں۔ آپ کی اطلاع سے معلوم ہوا۔ ان کو اظہار افسوس کا موقعہ مل گیا۔ خلافت کی کیا کیا برکات ہیں۔ جس جماعت میں کروڑوں احمدی ہوں۔ کتنی بڑی بات ہے کہ پیارے آقا کا جماعت کے ہر فرد سے پیار ہے۔

جلسہ سالانہ یو۔کے کا انعقاد حدیقۃ المہدی میں تھا۔ حضور اقدس انتظامات کے معائنہ کے لئے تشریف لے گئے۔ خاکسار کو اس میں بھی حاضر ہونے کی سعادت ملی۔ حضور اقدس نے سارے انتظامات کو تسلی بخش پایا اور جلسہ کی کامیابی، موسم اچھا رہنے اور احباب جماعت کی خیریت کے لئے دعائیں کیں۔ خاکسار کو بھی قریب سے دیکھنے کا موقعہ ملا۔ مورخہ 24 جولائی 2008ء کو بیت السبوح میں ایک عالمی تربیتی سیمینار میں شامل ہونے کی سعادت ملی۔ جس میں دنیا بھر سے مشنری تشریف لائے ہوئے تھے۔ انہوں نے اپنے اپنے تجربے بتائے۔ جو کہ دلچسپی کا باعث رہے اور ان سے ایمان میں اضافہ ہوا۔

خاکسار نے پہلے کرسی کا پاس بنوایا ہوا تھا مگر پھر کرسی چھوڑ کر گرین ایریا میں بیٹھ گیا۔ یہاں سے حضور پُرنور کو قریب سے دیکھ سکا اور حضور کی شفقت بھری نظریں خاکسار پر پڑتی رہیں۔ وہ نورانی چہرہ جس کو دیکھنے کے لئے ہزاروں میلوں سے حاضر ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے تینوں دن جلسہ سالانہ کی کارروائی سنتا رہا۔ اللہ تعالیٰ کے فرشتے اس مجلس کو اپنے پروں سے ڈھانپ لیتے ہیں جس میں اللہ اور اس کے رسول کا ذکر ہو اور وہ فرشتے پھر اللہ تعالیٰ کے حضور اس بابرکت مجلس کا ذکر کرتے ہیں۔ ایسی مجلس میں تمام شامل ہونے والے بندوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا ہونے والی برکتوں سے نوازتا ہے۔ کوئی اتفاق سے بھی اس میں شامل ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس کو بھی اپنی برکات سے نوازتا ہے۔ جلسہ کیا تھا، ہر طرف خداتعالیٰ کے پیارے بندے نظر آتے تے۔ جلسہ کے آخر میں حضور نے پُرسوز دعا کروائی۔ حضرت مسیح موعود نے ہر اس احمدی کے لئے دعائیں کی ہوئی ہیں جو اس میں شامل ہو۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

ہر یک صاحب جو اس للّہی جلسہ کے لئے سفر اختیار کریں۔ خداتعالیٰ ان کے ساتھ ہو اور ان کو اجر عظیم بخشے اور ان پر رحم کرے اور ان کی مشکلات اور اضطراب کے حالات ان پر آسان کر دیوے اور ان کے ہم وغم دور فرماوے اور ان کو ہر یک تکلیف سے مخلصی عنایت کرے اور ان کی مرادات کی راہیں ان پر کھول دیوے اور روز آخرت میں اپنے ان بندوں کے ساتھ ان کو اٹھاوے جن پر اس کا فضل ورحم ہے اور تا اختتام سفر ان کے بعد ان کا خلیفہ ہو۔ اے خدا اے ذوالمجد والعطاء اور رحیم اور مشکل کشا یہ تمام دعائیں قبول کر اور ہمیں ہمارے مخالفوں پر روشن نشانوں کے ساتھ غلبہ عطا فرما کہ ہر یک قوت اور طاقت تجھ کو ہی ہے۔ آمین ثم آمین

(مجموعہ اشتہارات جلد اول ص 282)

جلسہ تو گزر گیا لیکن اس کی یاد دل میں گھر بنا چکی ہے۔ انسان ان سنہری لمحات کو کیسے بھول سکتا ہے۔

تبصرہ

''دشتِ تمنا''۔ ''کچھ تلاطم کی اب ہم کو پرواہ نہیں''

ڈاکٹر فہمیدہ منیر کے 2 مجموعہ ہائے کلام

حال ہی میں ڈاکٹر فہمیدہ منیر صاحبہ کے 4 شعری مجموعے منظر عام پر آ چکے ہیں۔ ''اک حرفِ رسا''۔ ''دشتِ تمنا''۔ ''کچھ تلاطم کی اب ہم کو پرواہ نہیں'' اور۔ ''احساس کے آنچل تلے''۔ موجودہ چار مجموعوں کے علاوہ ڈاکٹر فہمیدہ منیر کی شاعری کے دو مجموعے ''پریم سندسیہ'' 1989ء میں اور ''بکھری ریت پر چاند کی کرنیں'' 1991ء میں شائع ہو چکے ہیں۔ کسی احمدی خاتون کے 6 شعری مجموعے چھپ جانے کا اعزاز میرے خیال میں صرف ڈاکٹر فہمیدہ منیر کے حصے میں ہی آتا ہے۔ ڈاکٹر فہمیدہ منیر کراچی میں پیدا ہوئیں۔ فاطمہ جناح میڈیکل کالج لاہور سے ایم۔بی۔ایس کرنے کے بعد سپشلائیزیشن کے لئے U.K کا ارادہ کیا اور ابتدائی تیاریاں بھی شروع کر دی تھیں کہ الفضل میں شائع شدہ تحریک لیڈی ڈاکٹرز برائے فضل عمر ہسپتال کے لئے والد صاحب کے مشورہ سے تیاری کر لی اور ربوہ کو اپنا مسکن بنالیا۔ فضل عمر ہسپتال میں آپ نے 1988ء تک کام کیا اور بعد میں آپ نے ذاتی کلینک بنا لیا اور میڈیکل پریکٹس جاری رکھی۔ قریباً ایک سال سے اب آپ کراچی میں مقیم ہیں۔ قریباً تمام فرائض سے سبکدوش ہوکر اب پوری توجہ سے اپنے کلام کی اشاعت میں منہمک ہیں۔ پیرانہ سالی میں بیک وقت 4 مجموعوں کی اشاعت دیکھ کر آپ کی ہمت کی داد نہ دینا ادبی ناانصافی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ آپ کی صحت اور ہمت میں برکت دے۔

مجموعے ''دشتِ تمنا'' میں شامل ساری نظمیں بچوں کے لئے ہیں۔ بچوں کے لئے نثر یا نظم میں لکھنا خاصا مشکل کام ہے۔ مگر محترمہ ڈاکٹر فہمیدہ منیر نے بڑی کامیابی سے بچوں کی ذہنی سوچ اور خیالات کو مدنظر رکھتے ہوئے نظمیں لکھی ہیں۔

''دشتِ تمنا'' میں پانچ نظمیں تو اطفال و ناصرات کے پسندیدہ موضوع ''عید'' کے حوالہ سے لکھی ہیں۔ بچوں کے لئے دو مزاحیہ مشاعرے بھی کتاب میں شامل ہیں۔ حمد اور نعت کے بعد بچوں کی تربیت کے لئے نظم ''میری دعا'' ہے نیز ''جہد مسلسل'' میں بچوں کو محنت اور کوشش کی تلقین کی گئی ہے۔ زیر تبصرہ دوسری کتاب ''کچھ تلاطم کی اب ہم کو پرواہ نہیں'' ہے۔ اس مجموعے کے ''عرض حال'' میں ڈاکٹر فہمیدہ منیر لکھتی ہیں:۔

''وہ شاعری جو احمدیت کے جذبہ سے خالی ہو، نہ مجھ سے کبھی ہوئی ہے اور نہ ہی ممکن ہے کہ آئندہ ہو سکے۔ مجھے یقین ہے کہ جماعت کے دوسرے شعراء بھی اسی کے مصداق ہوں گے۔'' فہمیدہ منیر صاحبہ کی شاعری میں جماعت اور خلافت سے وابستگی کا عنصر بدرجہ اَتم پایا جاتا ہے، مجموعے میں شامل نظمیں اس کا واضح ثبوت ہیں۔ نہ صرف نظمیں بلکہ غزلوں میں بھی یہی جذبہ اور مضمون جھلکتا ہے۔ ڈاکٹر فہمیدہ منیر کی شاعری سے چند اشعار پیش ہیں:۔

من دیپ جلا کر گلیوں میں ہم روز اجالا کرتے ہیں
دل کی ضد ہے تم آ جاؤ اب بات نہیں کل پرسوں کی

دلوں کا ہر اک کواڑ ہے وا، قرابتوں کے ندیم آ جا
کھڑا ہے راہوں پہ آج عظمت ہر ایک گھر کا مکین کہنا

مکتبِ عشق میں اک عرض گزاری جائے
آخری عمر میں تقدیر سنواری جائے
اور کچھ بھی نہیں، بس ایک فقط حرفِ دعا
بھیک مل جائے ترے در سے بھکاری جائے

کوتاہی مانگنے میں کہیں ہو گئی ضرور
ممکن نہیں دعاؤں میں کوئی اثر نہ ہو

نظم ''فیصلہ'' کا یہ بند ملاحظہ ہو۔ ڈاکٹر فہمیدہ کا خیال ہے کہ بات دلائل اور نظائر سے آگے نکل گئی ہے اسی لئے وہ اپنے رب سے التجا کر رہی ہیں:

حق و باطل میں اب معرکہ ہے خدا
اب دکھا پھر کوئی معجزہ اے خدا
فیصلہ، فیصلہ، فیصلہ، فیصلہ

بچوں کے لئے نظموں پر مشتمل مجموعہ ''دشتِ تمنا'' نیز حمد۔ نعت، جماعتی نظموں اور غزلوں پر مشتمل اڑھائی سو صفحات سے زائد ضخیم مجموعہ ''کچھ تلاطم کی اب ہم کو پرواہ نہیں''۔ جماعت احمدیہ کے شعری ادب میں مفید اضافہ ہے۔ امید ہے قارئین بھی پسند کریں گے۔

(الف۔ن۔ع)

مکرم پروفیسر ڈاکٹر پرویز پروازی صاحب

مکرم قریشی محمد عبداللہ صاحب کا ذکر خیر

مکرم قریشی محمد عبداللہ صاحب کو اپنی ہوش میں جب بھی دیکھا انہیں کام میں مصروف پایا۔ فارغ بیٹھنا انہیں آتا ہی نہیں تھا۔ محلّہ داری تھی۔ محلّہ دارالرحمت وسطی ربوہ میں ان کے ''آشیانہ'' میں اکثر آنا جانا رہتا تھا کہ ان کے بیٹوں سے دوستی اور کالج میں ہم جماعتی کا تعلق تھا۔ ان کا سب سے چھوٹا بیٹا عزیزم ڈاکٹر احسان اللہ قریشی تو ہمارا شاگرد ہوا۔ وہ اسی کے ہاں بسلسلہ ملاقات لاہور گئے ہوئے تھے کہ وقت موعود آ گیا۔ دو چار دن کی بیماری میں جاں جانِ آفریں کے سپرد کر دی اور مسلسل پینیسٹھ سال تک سلسلہ کی انتھک خدمت کرنے والے اس مخلص کارکن نے بہشتی مقبرہ کی مٹی اوڑھ لی۔ نوے برس سے زیادہ عمر پائی اور اما ماینفع الناس کے مصداق ٹھہرے۔ اللہ تعالیٰ ان کی خدمات کو قبول فرمائے۔ آمین اصطلاحی طور پر واقف زندگی نہیں تھے مگر عملاً واقفین زندگی جیسی ثابت قدمی اور اولوالعزمی دکھائی۔ 1939ء سے لے کر 2003ء تک خدمت پر مستعد رہے۔ نوے برس کی عمر میں حضرت صاحب نے انہیں فارغ کیا تھا کہ کچھ آرام بھی کر لیں۔ قریشی صاحب نے مستقل آرام اختیار کر لیا۔ اللہ تعالیٰ انہیں کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے۔

سلسلہ کے کارکنوں کا دوسری دنیا کے کارکنوں سے یہی امتیاز نمایاں ہے کہ ان کے ہاں نام ونمود کی خواہش کی ملونی نہیں ہوتی بس اخلاص و وفاداری سے سلسلہ کی خدمت کرنا مقصود ہوتا ہے۔ چند برس پہلے قریشی صاحب قبلہ کا ایک خط میرے نام سویڈن میں آیا کہ ''عزیزم تم میرے بچوں جیسے ہو اور انہی کی طرح مجھے عزیز ہو اس لئے میں اپنی زندگی کا ایک راز تمہیں بتا رہا ہوں اس کو میرے مرنے کے بعد اپنے کسی مضمون کے ذریعہ دنیا کو بتا دینا میری زندگی میں کسی سے اس کا ذکر نہ کرنا کیونکہ اس بات سے نمائش ونمود وخودستائی کا پہلو نکلتا ہے۔'' میں نے خط پڑھا تو دنگ رہ گیا۔ اللہ تعالیٰ نے سلسلہ کو کیسے کیسے کارکن دے رکھے ہیں کہ انہیں نام ونمود سے اتنی بے رغبتی اور بے اعتنائی ہے۔ میں نے اس بات کا اب تک کسی سے ذکر تک نہیں کیا تھا۔ جب ان کی وفات کی خبر ملی تو پہلی بار اپنے دوست کرنل راجہ محمد اسلم سے ذکر کیا۔ انہیں بھی حیرت ہوئی کہ عجیب لوگ ہیں ایک ادنیٰ سی خدمت کی اخفاء پر بھی انہیں کتنا اصرار ہے مبادا کوئی اسے نمود وخودستائی پر محمول کرے۔ جی تو چاہتا تھا کہ قریشی صاحب کا وہ خط من وعن درج کر دیتا مگر باوجود تلاش کے وہ خط دستیاب نہیں ہوا۔ کھویا تو یقیناً نہیں گیا کہیں زیادہ ہی سنبھالا گیا ہے۔ سویڈن سے کینیڈا آتے ہوئے بعض کاغذات کو سینت سنبھال کر منگوایا تھا شاید ان میں کہیں سویڈن میں پڑا رہ گیا ہے۔

بہرحال قریشی صاحب قبلہ کی خواہش کے احترام میں ان کی آنکھیں بند ہو جانے کے بعد ان کی اس خدمت کا تذکرہ کر رہا ہوں۔ میں نے قریشی صاحب سے وعدہ لے لیا تھا کہ اگر وقت ان سے پہلے آ گیا تو وہ خود اس راز کو دنیا کے سامنے ضرور بیان کر دیں گے۔

مگر اب یہ ذمہ داری مجھ پر آن پڑی ہے۔ قریشی صاحب نے لکھا تھا کہ تقسیم ملک کے وقت جب حضرت مصلح موعود اکابر جماعت کے پیہم اصرار پر قادیان سے ہجرت پر آمادہ ہوئے تو قریشی صاحب کو یاد فرمایا اور ان سے کہا کہ

